
١١

# پرندوں کی دنیا

ہمارے ملک میں چھوٹے بڑے، رنگ برنگے پرندے پائے جاتے ہیں۔ کسی کی آواز سُریلی ہے، کسی کی بھونڈی۔ کچھ پرندے آسمان میں بہت اونچائی تک اُڑ سکتے ہیں جیسے چیل، کبوتر، عُقاب، وغیرہ۔ کچھ پرندے پانی میں مزے سے تیرتے ہیں جیسے بطخ اور مرغابی۔ آ ؤ، اب ہم تمھیں بھارت کے خاص خاص پرندوں کے بارے میں بتائیں۔



مور ہمارا قومی پرندہ ہے۔ یہ عام طور پر چار فٹ لمبا ہوتا ہے۔ اس کی گردن لمبی اور رنگ گہرا سبز اور چمک دار نیلا ہوتا ہے۔ برسات میں جب بادل گِھر آتے ہیں تو مور اپنی لمبی دم کو پنکھے کی طرح پھیلا کر خوشی سے ناچتا ہے۔ مور کے ناچ کا یہ منظر بڑا ہی دلکش ہوتا ہے۔ مور بھارت کے علاوہ سری لنکا اور افریقہ میں بھی پایا جاتا ہے۔ یہ سفید رنگ کا بھی ہوتا ہے۔

طوطا مینا کو لوگ شوق سے پالتے ہیں۔ یہ دونوں بولنا بھی سیکھ لیتے ہیں۔ رٹے ہوئے جملے یہ اتنی صفائی سے بولتے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے۔ طوطا زیادہ تر ہرے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کی چونچ مُڑی ہوئی اور لال ہوتی ہے۔ مینا کا رنگ گہرا کتھئی اور اس کی چونچ پیلی ہوتی ہے۔ کسی کسی علاقے میں کالے رنگ کی مینا بھی پائی جاتی ہے۔





طوطے کے بارے میں مشہور ہے کہ اسے چاہے کتنی ہی محبّت سے رکھو، ایک بار وہ پنجرے سے نکل جائے تو واپس نہیں آتا اسی لیے بے مروّت شخص کو 'طوطا چشم' کہتے ہیں۔ ہماری زبان کا محاورہ 'طوطے کی طرح آنکھیں پھیر لینا' بھی اسی سے بنا ہے۔

کبوتر کو امن کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔ کبوتر کئی رنگ اور نسل کے ہوتے ہیں۔ یہ ان پرندوں میں سے ہے جو جھنڈ بنا کر رہتے ہیں۔ اس کی آواز غُٹرغوں غُٹرغوں جیسی سنائی دیتی ہے۔ پرانے زمانے میں کبوتر کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ پیغام بھیجنے کا کام بھی لیا جاتا تھا۔



مرغے اور مرغیاں پالتو پرندے ہیں۔ مرغا صبح سویرے بانگ دے کر ہمیں جگاتا ہے۔ مرغیوں سے ہمیں انڈے ملتے ہیں۔

بگلا، سارس اور ہنس ایک ہی طرح کے پرندے ہیں۔ بگلے کی ٹانگیں، چونچ اور گردن لمبی ہوتی ہے اور دُم



چھوٹی۔ بگلے ندی کے کنارے رہتے ہیں۔ یہ بڑے سیدھے سادے نظر آتے ہیں لیکن موقع ملتے ہی مچھلیوں کو ہڑپ کر جاتے ہیں۔ سارس سفید ہوتا ہے، اس کے اوپری حصّے پر کچھ لال پر ہوتے ہیں۔ اُڑنے سے پہلے سارس کو ہوائی جہاز کی طرح زمین پر دوڑنا پڑتا ہے۔ ہنس بھی ایک سفید خوبصورت پرندہ ہے جو ہمیشہ اپنی ہنسنی کے ساتھ تالاب میں تیرتا رہتا ہے۔

کوّا اور کویل دونوں کالے ہوتے ہیں۔ کوّا ذرا بڑا ہوتا ہے اور کویل چھوٹی ہوتی ہے۔ کوّا چالاکی کے لیے اور کویل اپنی میٹھی آواز کے لیے مشہور ہے۔ جب آم کے درخت پر بور آتے ہیں تب کویل کی کوٗکوٗ سنائی دیتی ہے۔

قدرت نے پرندوں کا جسم ایسا بنایا ہے کہ وہ آسانی سے اُڑ سکتے ہیں۔ ان میں بعض پرندے ایسے ہیں جو چھوٹے چھوٹے کیڑے مکوڑے کھا کر ہماری فصلوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ کچھ پرندے مردار جانوروں کا گوشت کھا کر ماحول کو گندہ ہونے سے بچاتے ہیں۔ ان میں گِدھ ایک اہم پرندہ ہے۔ اس کی عمر بہت لمبی ہوتی ہے مگر اس پرندے کی تعداد اب گھٹتی جا رہی ہے۔





پرندے عام طور پر گھونسلوں میں رہتے ہیں۔ یہ اپنا گھونسلا بنانے میں بہت محنت کرتے ہیں۔ بعض پرندے تو اتنا خوبصورت گھونسلا بناتے ہیں کہ دیکھ کر تعجّب ہوتا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ کاری گری سے بنایا ہوا گھونسلا بیا کا ہوتا ہے۔ بیا ایک چھوٹا سا پرندہ ہے۔

ایک درخت پر طرح طرح کے پرندے رہتے ہیں۔ سب کے گھونسلوں کی بناوٹ الگ ہوتی ہے۔ کسی کا گھونسلا ٹوکری کی طرح تو کسی کا بوتل کی طرح ہوتا ہے۔ ایسے پرندے بھی ہیں جو اپنی لمبی چونچ سے درخت کے تنے میں سوراخ کر کے اپنا گھر بناتے ہیں۔

بچو! ذرا سوچو کہ ان خوبصورت پرندوں کے بغیر دنیا کیسی لگتی ؟ ناچتا مور، کوٗکتی کویل، بولتے طوطا مینا، پانی میں تیرتی بطخیں، ہوا میں اڑتے کبوتر اور چہکتی چڑیاں دیکھ کر کتنا مزہ آتا ہے! یہ پرندے ہمارے ماحول کو خوش گوار بناتے ہیں۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کی حفاظت کریں۔ (ماخوذ)

سریلی – کانوں کو بھلی لگنے والی

عقاب – ایک شکاری پرندہ



دلکش - اچھا لگنے والا

بور آنا - آم کے درخت پر پھول لگنا

مرغابی - پانی میں رہنے والا مرغی کی قسم کا ایک پرندہ

جھنڈ - گروہ

## مشق

### ایک جملے میں جواب لکھیے :



۱۔ مور بھارت کے علاوہ اور کہاں پایا جاتا ہے؟

۲۔ طوطے کی چونچ کس رنگ کی ہوتی ہے؟

۳۔ پرانے زمانے میں پیغام بھیجنے کا کام کس پرندے سے لیا جاتا تھا؟

۴۔ بگلے کی ٹانگیں، چونچ اور گردن کیسی ہوتی ہے؟

۵۔ پرندے کس طرح ہماری فصلوں کی حفاظت کرتے ہیں؟

۶۔ کون سا پرندہ ماحول کو گندہ ہونے سے بچاتا ہے؟

۷۔ پرندے عام طور پر کہاں رہتے ہیں؟

۸۔ کس پرندے کا گھونسلا زیادہ کاری گری سے بنایا ہوا ہوتا ہے؟

### مختصر جواب لکھیے :

۱۔ لوگ طوطا اور مینا کیوں پالتے ہیں؟

۲۔ ہمیں پرندوں کی حفاظت کیوں کرنی چاہیے؟

### خالی جگہوں میں پرندوں کے رنگ لکھیے :

| پرندہ | | رنگ | پرندہ | | رنگ |
|---|---|---|---|---|---|
| مور | - | .............................. | طوطا | - | .............................. |
| مینا | - | .............................. | سارس | - | .............................. |
| ہنس | - | .............................. | کوّا | - | .............................. |
| کویل | - | .............................. | | | |

### لکھیے کہ ذیل کے جملے صحیح ہیں یا غلط :

۱۔ تمام پرندوں کی آواز سریلی ہوتی ہے۔

۲۔ عقاب بہت اونچائی تک اُڑتا ہے۔
۳۔ مینا کی چونچ پیلی ہوتی ہے۔
۴۔ گدھ مردار جانوروں کا گوشت کھاتا ہے۔
۵۔ ایک درخت پر صرف ایک ہی قسم کے پرندے رہتے ہیں۔

❁ مناسب جوڑیاں لگائیے :

| 'الف' | 'ب' |
|---|---|
| کوکتی | مور |
| ناچتا | کویل |
| تیرتی | طوطا - مینا |
| بولتے | بطخیں |
| چہکتی | کبوتر |
| اُڑتے | چڑیا |

سرگرمی :

اپنے دوست کو بتائیے کہ آپ کو کون سا پرندہ پسند ہے۔ اپنی پسند کی وجہ بھی بتائیے۔

## آئیے زبان سیکھیں!

### فعل :

جن الفاظ سے کسی کام کے ہونے یا کرنے کا پتا چلے، انھیں **'فعل'** کہتے ہیں مثلاً

آج خوب بارش ہوئی۔

سورج نکلا۔

طوطا مینا کو لوگ شوق سے پالتے ہیں۔

کچھ پرندے مردہ جانوروں کا گوشت کھاتے ہیں۔

ان جملوں میں ''ہوئی، نکلا، پالتے ہیں، کھاتے ہیں'' الفاظ سے کام ہونے یا کرنے کا پتا چلتا ہے۔ یہ الفاظ ''ہونا، نکلنا، پالنا، کھانا'' جیسے لفظوں سے بنے ہیں۔ ان لفظوں کو **'مصدر'** کہتے ہیں۔ مصدر سے فعل بنتے ہیں۔